علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ II (5614) سمسٹر: بہار2026

سطح: ایم اے اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100   کامیابی کے نمبر: 40

1. خطبہ الہ آباد (1930) کی روشنی میں اقبال کے تصورِ قومیت کے ارتقائی مراحل پر بحث کریں اور بتائیں کہ یہ تصور قیامِ پاکستان کا محرک کیسے بنا؟ (20)
2. اقبال کے نزدیک تعلیم محض معلومات کا حصول نہیں بلکہ "خودی" کی تربیت ہے۔ اس بیان کی روشنی میں اقبال کے مثالی نظامِ تعلیم کے خدوخال واضح کریں۔ (20)
3. اقبال کی اردو تصانیف میں موجود "فلسفہ خودی" کے مختلف پہلوؤں کو مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔ (20)
4. اقبال نے اپنی فلسفیانہ فکر کے اظہار کے لیے اردو کے بجائے فارسی زبان کو ترجیح کیوں دی؟ ان کی فارسی تصانیف کے تناظر میں اس کا مدلل جواب دیں۔ (20)
5. خطباتِ اقبال ''تشکیلِ جدید الٰہیاتِ اسلامیہ'' کی روشنی میں اقبال کے جدید علمی و مذہبی رویوں کا تجزیہ کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100   کامیابی کے نمبر: 40

1. اقبال کی غزل روایتی غزل سے کس طرح مختلف ہے؟ ان کی غزلوں میں موجود رجائیت اور حرکت و عمل کے عناصر کی نشاندہی کریں۔ (20)
2. ''ابلیس کی مجلسِ شوریٰ'' میں اقبال نے ابلیس کے ذریعے دورِ حاضر کے سیاسی و معاشی نظاموں (جمہوریت، اشتراکیت) پر جو تنقید کی ہے، اس کا تجزیہ کریں۔ (20)
3. ''مسجدِ قرطبہ'' محض ایک عمارت کا نقشہ نہیں بلکہ اسلامی تاریخ کا فکری خلاصہ ہے۔ اس نظم کے فکری و فنی پہلوؤں کا جامع جائزہ لیں۔ (20)
4. اقبال کے فارسی کلام (مثلاً جاوید نامہ یا اسرارِ خودی) سے منتخب اشعار کی روشنی میں ان کے پیغامِ حیات کی عالمگیریت پر بحث کریں۔ (20)
5. فارسی متن کی تشریح کرتے ہوئے واضح کریں کہ اقبال نے کس طرح عجمی تصوف اور اسلامی تعلیمات کے امتزاج سے ایک نیا فکری نظام تشکیل دیا۔ (20)